# ماڈل پیپر "جیومیٹریکل اینڈ ٹیکنیکل ڈرائنگ"

## برائے سیکنڈری سکول پارٹ-II (جماعت دہم) امتحان 2014ء ومابعد

### حصہ معروضی

وقت: 20 منٹ — کل نمبر: 15

نوٹ:- ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جوابات A، B،C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

-1 (i) ڈرائنگ میں ایک ملی میٹر برابر ہے۔

(الف) میٹر　(ب) ایک ہزار ملی میٹر　(ج) 001. میٹر　(د) 5. میٹر

(ii) عالمی نظام میں پیمائش کی بنیادی اکائی ہے۔

(الف) ملی میٹر　(ب) سینٹی میٹر　(ج) میٹر　(د) ڈیکا میٹر

(iii) پاکستان میں ناپ تول کا عالمی نظام رائج ہوا۔

(الف) یکم جولائی 1976　(ب) 23 مارچ 1940　(ج) 14 اگست 1947　(د) 15 جون 1945

(iv) 10 ملی میٹر برابر ہے۔

(الف) سینٹی میٹر　(ب) ڈیسی میٹر　(ج) میٹر　(د) ڈیکا میٹر

(v) میٹر برابر ہے۔

(الف) 39.37 انچ　(ب) 5. میٹر　(ج) 1. میٹر　(د) 5. میٹر

(vi) ناپنے کے علم کو کہتے ہیں۔

(الف) سولڈ جیومیٹری　(ب) پلین جیومیٹری　(ج) مخروط　(د) پیمانہ

(vii) جگہ گھیرنے والی شے کو کہتے ہیں۔

(الف) مجسم　(ب) منشور　(ج) مخروط　(د) لمبائی

(viii) اجسام کو بنیادی طور پر تقسیم کیا جاتا ہے۔

(الف) تین حصوں میں　(ب) پانچ حصوں میں　(ج) دو حصوں میں　(د) چھ حصوں میں

(ix) اگر منشور کا قاعدہ مربع ہے تو کہلاتا ہے۔

(الف) منشور مربع　(ب) مخروط مربع　(ج) منشور　(د) مخروط

(x) اگر منشور کا قاعدہ مثلث ہے تو وہ کہلائے گی۔

(الف) منشور مثلثی　(ب) مخروط مثلثی　(ج) منشور مربع　(د) منشور

(xi) انجینئرنگ ڈرائنگ میں مجسم کو ظاہر کرنے کے کتنے طریقے ہیں۔

(الف) 4　(ب) 5　(ج) 2　(د) 3

(xii) انجینئرنگ ڈرائنگ میں ضروری پیمائش درج کرنے کو کہتے ہیں۔

(الف) ابعادیت　(ب) مربع　(ج) مثلث　(د) راس

(xiii) تراش کے طریقے ہیں۔

(الف) چار　(ب) تین　(ج) دو　(د) پانچ

(xiv) انجینئرنگ ڈرائنگ میں جوڑنے کے کتنے طریقے ہیں۔

(الف) 2　(ب) 3　(ج) 4　(د) 5

(xv) گیند کی مانند گول مجسم کہلاتا ہے۔

(الف) کرہ　(ب) محور　(ج) راس　(د) ردواس

Result.pk

2

# ماڈل پیپر "جیومیٹریکل اینڈ ٹیکنیکل ڈرائینگ"

برائے سیکنڈری سکول امتحان پارٹ ۔II ( جماعت دہم) امتحان 2016ء و مابعد

حصہ انشائی

وقت: 2:10 گھنٹے

کل نمبر: 60

## (PART-I حصہ اول)

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیئے۔ 12

(i) پاکستان میں پیمائش کا عالمی نظام کب رائج ہوا؟

(ii) عالمی نظام میں پیمائش کی بنیادی اکائی کیا ہے؟

(iii) کس چیز کی ڈرائنگ بنانے کے لئے کتنی قسم کے پیمانے استعمال ہوتے ہیں؟

(iv) وتری سکیل سے کیا مراد ہے؟

(v) سٹینڈرڈ لائنز کی اقسام بتایئے؟

(vi) خط منظر (Visible line) کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(vii) منقوطی خط کیا ہے؟

(viii) مرکزی خط کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(ix) وسعتی خط کیا ہے؟

-3 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیئے۔ 12

(i) اجسام کو بنیادی طور پر کتنے حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟

(ii) مجسم کے انجام کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(iii) مخصوص مجسم کیا ہے؟

(iv) مجسم ظاہر کرنے کے طریقے بیان کیجئے۔

(v) تراش کیا ہے؟

(vi) تراش کے مختلف طریقوں کے نام لکھیے۔

(vii) پلٹوری ویو اور ٹاپ ویو کی وضاحت کیجئے۔

(viii) عمودی تراش کیا ہے؟

(ix) افقی تراش کیا ہے؟

-4 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیئے۔ 12

(i) انجینئرنگ ڈرائنگ کیا ہے؟

(ii) مجسم کو ظاہر کرنے کے طریقے لکھیے۔

(iii) آرتھوگرافک پروجیکشن کیا ہے؟

(iv) ابعادیت کیا ہے؟

(v) بعدی خط (Demenssion line) کیا ہے؟

(vi) پلٹوریل پروجیکشن یا پکٹوریل ویو بنانے کی دو اقسام کے نام لکھیئے؟

(vii) ڈویلپمنٹ (Development) کیا ہے؟

(viii) ہیلکس (Helix) کیا ہے؟

(ix) پروٹریکٹر کیا ہے؟

Result.pk

3

# (PART-II حصہ دوم)

نوٹ:۔کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

5- سٹینڈرڈ لائنز (Standard line) کی اقسام اور انکے استعمال کے بارے میں بتائیے۔ 8

6 - ایک مکعب کا فرنٹ ویو اور ٹاپ ویو بنائیں جبکہ مکعب افقی سطح (Horizontal Plain) سے رکھا ہوا ہے کہ مکعب کے دو عمودی پہلو سامنے والی عمودی سطح (Frontal vertical plane) کے ساتھ بائیں طرف 30 کا زاویہ بناتے ہیں۔مکعب کا ہر ضلع 40 ملی میٹر ہے۔ 8

7- ایک منشور مربع جسکی اونچائی 60 ملی میٹر اور مربع کا ضلع 30 ملی میٹر ہے کا فرنٹ ویو اور ٹاپ ویو بنائیے جبکہ منشور مربع افقی سطح پر اسطرح کھڑا ہے کہ اسکے دو مستطیلی پہلو عمودی سطح کے ساتھ بائیں طرف 30 درجے کا زاویہ بناتے ہیں۔ 8

8- شکل نمبر 1 (Fig No-1) میں دیئے گئے مجسم کے جنوری خاکہ سے اسکے ظل زاویہ اول یا ظل زاویہ سوئم میں پیش منظر طرفی منظر اور بالائی منظر بنائیے اور ضروری پیمائش درج کیجئے۔ 8

9- شکل نمبر 2 (Fig No -II) میں دیئے گئے ظلی مناظر سے مجسم کا دستی آئسو میٹرک سکیچ بنائیے اور خطوط کی صحت اور نسبت تناسب کا خیال رکھیئے۔ 8

10- مخروط مربع کا سطح پھیلاؤ بنائیے جبکہ مخروط مربع کے قاعدہ کا ضلع 45 ملی میٹر اور اونچائی 70 ملی میٹر ہے۔ 8

Result.PK